**30.01.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ...................... مہتاب عالم

**Music**

---

☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آسام میں 1700 کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت والے بہت سے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔

☆ حفاظتی دستوں نے جموں وکشمیر کے کشتواڑ ضلعے میں جیش محمد کے دہشت گردوں کا صفایا کرنے کیلئے، دہشت گردی کی روک تھام سے متعلق کارروائی تیز کردی ہے۔

☆ بھارت، پانچ ترجیحی شعبوں میں شراکت داری کو مستحکم بنانے کیلئے کل بھارت-عرب وزرائے خارجہ کی دوسری میٹنگ کی میزبانی کرے گا۔

☆ اقوامِ متحدہ کے سربراہ نے بھارت-متحدہ عرب امارات آزاد تجارتی معاہدے کی ستائش کی ہے۔ انہوں نے ایک مستحکم دنیا کیلئے کثیر قطبیت کی حمایت کی ضرورت پر زور دیا۔

☆ ملک نے آج، مہاتما گاندھی کو اُن کے 78 ویں یومِ وفات پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ مجاہدین آزادی کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کا دن شہید دِوَس بھی آج منایا جارہا ہے۔

☆ اور...... بھارت کے ویر چوڑانی نے واشنگٹن میں اسکوائش فائر اوپن کے کوارٹر فائنل میں جگہ بنالی ہے۔ اُنہوں نے فرانس کے کھلاڑی Baqtiste Masotti کو پانچ سنسنی خیز گیمز میں شکست دی۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

Amitshah Projects

وزیر داخلہ امت شاہ نے، ایک ہزار 715 کروڑ روپے کی لاگت والے کئی پروجیکٹوں کا آغاز کیا، جن میں آسام کے شہر ڈبروگڑھ میں قانون ساز اسمبلی کی دوسری عمارت بھی شامل ہے۔ جناب شاہ نے 284 کروڑ روپے کی لاگت والے اِس کمپلیکس اور MLA ہاسٹل کا سنگ بنیاد رکھا، جو ڈبروگڑھ کو دوسرے انتظامی مرکز کے طور پر قائم کرنے کی حکومت کی کوششوں کا حصہ ہے۔

S/B: Amit Shah On Vidhan Sabha

اِس پروجیکٹ میں تین منزلہ اسمبلی عمارت، MLAs کیلئے ایک 9 منزلہ ہاسٹل، 800 نشستوں والا ایک آڈیٹوریم اور حفاظتی عملے کیلئے ایک Barrack شامل ہیں۔

جناب شاہ نے 238 کروڑ روپے کی مالیت والے مختلف کھیل کود مقابلوں کی جدیدترین عمارت کے پہلے مرحلے کا افتتاح اور دوسرے مرحلے کا سنگ بنیاد رکھا، جو 209 کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت سے تعمیر کیا جائے گا۔

S/B: Amit Shah Sports Complex

اِس پروجیکٹ کے پہلے مرحلے میں ایک انڈور اسٹیڈیم، سوئمنگ پول، فٹ بال میدان، خاص گیلری، ٹینس والی بال اور باسکٹ بال کورٹس اور ہاسٹلز شامل ہیں۔

کھیل کود کے مرکز کے دوسرے مرحلے میں 30 ہزار لوگوں کیلئے اضافی نشستیں، ایک مرکزی کھیل میدان اور ایک ایتھلیٹ ٹریک شامل ہے۔

وزیر داخلہ نے 292 کروڑ روپے کی لاگت والے جنگلاتی زندگی کی صحت اور جنگلی جانوروں کے علاج کے ریسرچ سینٹر اور لیباریٹری میں مزید سہولیات کا بھی سنگ بنیاد رکھا، جس میں تربیتی یونٹس قائم ہیں۔

اِس مرکز سے جنگلات کے افسران، جانوروں کے ڈاکٹرز اور محققین کے مابین تال میل میں مدد ملے گی۔ انہوں نے قدرتی آفات سے نمٹنے سے متعلق قومی فنڈ کے تحت دلدلی زمین کی بحالی اور اِسے تازہ کرنے سے متعلق 692 کروڑ روپے کی لاگت والے پروجیکٹ کا بھی آغاز کیا۔x

جناب شاہ نے کہا کہ بھارت یوروپی یونین آزاد تجارتی سمجھوتہ یوروپی ملکوں کیلئے آسام کی چائے کی برآمدات کو تقویت دے گا۔ انھوں نے کہا کہ مرکز نے آسام کو سیلاب سے چھٹکارا دلانے کیلئے کئی اقدامات کیے ہیں۔ انھوں نے رائے دہندگان سے اپیل کی کہ وہ ترقی، امن، سلامتی، صنعت، سیلاب سے پاک آسام کیلئے اگلے اسمبلی چناؤ میں BJP کے حق میں ووٹ ڈالیں۔x

## **J&K Terror Operation**

جموں و کشمیر میں آج سیکیورٹی فورسیز نے کشتواڑ ضلعے کے برفیلی بیلٹ چھترو میں دہشت گرد مخالف جاری کارروائیوں میں مزید تیزی آگئی ہے تاکہ جیش محمد گروپ کے چھپے ہوئے تین دہشت گردوں کا پتہ لگاکر اُن کا صفایا کیا جا سکے ۔ ملک مخالف عناصر کے ذریعے جاری کارروائی کے دوران انٹرنیٹ کے غلط استعمال سے بچنے کیلئے سنگھ پورا، چھنگام اور چھترو سمیت چھ کیلومیٹر دائرے تک موبائل انٹرنیٹ خدمات عارضی طور پر معطل کردی گئی ہیں۔ اس علاقے میں یہ کارروائی اس ماہ کی اٹھارہ تاریخ کو شروع ہوئی ہے۔ مندرال سنگھ پورا کے قریب سونار جنگل میں شدید گولی باری ہوئی تھی جس میں ایک چھاتہ بردار فوجی ہلاک اور سات فوجی زخمی ہوگئے۔x

MEA Arab Ministers

بھارت-عرب وزرائے خارجہ کی دوسری میٹنگ، کل نئی دِلی میں منعقد ہوگی۔ اِس میٹنگ کی مشترکہ صدرات، بھارت اور متحدہ عرب امارات UAE کریں گے۔

عرب لیگ کے رکن ملکوں کے وزرائے خارجہ اور عرب لیگ کے سکریٹری جنرل، اِس میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ یہ بھارت-عرب FMM کی پہلی میٹنگ ہے اور اِس کی میزبانی، نئی دِلی میں کی جائے گی۔

وزرائے خارجہ کی یہ میٹنگ دس سال کے وقفے کے بعد منعقد کی جارہی ہے، اِس کی پہلی میٹنگ، بحرین میں 2016 میں ہوئی تھی۔ پہلی میٹنگ میں وزیروں نے، تعاون کے پانچ ترجیحی میدانوں کی نشاندہی کی تھی، جو اِس طرح ہیں: معیشت، توانائی، تعلیم، میڈیا اور ثقافت۔ اِس میٹنگ میں اِن میدانوں میں مختلف سرگرمیوں کی تجویز پیش کی گئی تھی۔

بھارت-عرب وزرائے خارجہ کی دوسری میٹنگ میں، امید ہے کہ جاری تعاون میں اضافہ کیا جائے اور شراکت داری میں توسیع و گہرائی پیدا کی جائے۔

اِسی دوران، اِس میٹنگ سے پہلے، بھارت-عرب سینئر افسران کی چوتھی میٹنگ نئی دِلی میں جاری ہے۔ قطر کے امورِ خارجہ کے وزیر مملکت سلطان بن سعد المُریخی اور لیبیا کے وزیر خارجہ الطاہر ایس-ایم- البور، بھارت-عرب وزرائے خارجہ کی دوسری میٹنگ سے پہلے نئی دِلی پہنچ گئے ہیں۔

صومالیہ کے امور خارجہ اور بین الاقوامی تعاون کے وزیر عبدالسلام عابدی علی، بھی آج صبح نئی دلی پہنچ گئے ہیں۔ اِن کے علاوہ عرب لیگ کے سکریٹری جنرل، فلسطین کے امورِ خارجہ اور جلاوطن افراد کے وزیر، کوموروس کے وزیرخارجہ اور سوڈان کے امورِ خارجہ و بین الاقوامی تعاون کے وزیر بھی کل نئی دِلی پہنچ گئے تھے۔×

Jaishankar Arab Secretary

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج نئی دِلی میں، عرب لیگ ملکوں کے سکریٹری جنرل احمد ابوالغیث کے ساتھ ایک میٹنگ منعقد کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اُنھوں نے مختلف میدانوں میں تعاون اور استحکام کے بارے میں بہت سے موضوعات پر گفتگو کی۔ وزیرموصوف نے کہا کہ اُنھوں نے خطے کے تازہ حالات و واقعات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

Guterres FTA

بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان حالیہ آزادانہ تجارتی سمجھوتہ FTA کا ذکر کرتے ہوئے اقوامِ متحدہ کے سربراہ انٹونیو گتریس نے کثیرقطبی نظام کی حمایت کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ صرف ایک طاقت کے ذریعے عالمی مسائل حل نہیں کئے جاسکیں گے، لہٰذا انہوں نے ایک مستحکم دنیا کیلئے ایک ایسے کثیرقطبی نظام کی حمایت پر زور دیا، جس سے کہ امن کو برقرار رکھا جاسکے۔×

India-EU FTA Bangladesh

یوروپی یونین EU اور بھارت کے درمیان طے پائے گئے ایک تاریخی آزادانہ تجارتی سمجھوتے میں بھارتی ملبوسات کو یوروپی یونین میں برآمد کئے جانے کو محصولات سے پاک کئے جانے کے بعد، بنگلہ دیش کے ملبوسات سے وابستہ برآمد کاروں کو یوروپی یونین میں سخت مقابلہ اور داموں میں اضافے کا سامنا ہوگا۔

The Daily Star میں شائع ہونے والی رپورٹوں کے مطابق، یوروپی یونین-بھارت آزاد تجارتی سمجھوتے میں، جس کا اعلان منگل کے روز ہوا اور جس کے 2027 میں نافذ العمل ہونے کا امکان ہے، بھارتی ملبوسات کی برآمد پر عائد موجودہ 12 فیصد محصول کو ہٹادیا جائے گا۔ اس اقدام کو، بنگلہ دیش کو اپنے سب سے بڑے برآمدی بازار میں ملنے والی دیرینہ مسابقتی سہولت کے کمزور ہونے کے تناظر میں دیکھا جارہا ہے۔

''بنگلہ دیش سردست، EU کی سب سے کم ترقی یافتہ ملک تجارتی سہولت'' کے تحت یوروپی یونین کو محصولات سے پاک ملبوسات برآمد کرتا ہے۔ یہ ایک ایسا فائدہ ہے، جو صرف تین سال تک جاری رہے گا۔×

Martyr's Day

آج مہاتما گاندھی کو اُن کی 78 ویں برسی اور شہید دِوس پر خراجِ عقیدت پیش کیا جا رہا ہے۔ اس موقعے پر نئی دلّی میں، راج گھاٹ پر واقع گاندھی سمادھی پر Sarv Dharm Prarthana کا اہتمام کیا گیا ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نے راج گھاٹ جا کر مہاتما گاندھی کی سمادھی پر عقیدت کے پھول نذر کیے اور خراجِ عقیدت پیش کیا۔ کئی مرکزی وزیروں نے بھی مہاتما گاندھی کو گلہائے عقیدت نذر کیے۔

ہر سال 30 جنوری کو ملک مہاتما گاندھی کی زندگی اور اُن کی وراثت کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہے، جو ملک کی جدوجہدِ آزادی میں پیش پیش تھے۔

یہ دن شہید دِوس کے طور پر بھی منایا جاتا ہے، تاکہ اُن سبھی مجاہدین آزادی اور شہیدوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا جا سکے، جنھوں نے بھارت کی آزادی اور اتحاد کی خاطر اپنی جان کا نذرانہ پیش کر دیا تھا۔×

Sports Squash

واشنگٹن میں اسکواش اوپن فائنل میں بھارت کے Veer Chotrani نے فرانس کے کھلاڑی Baptiste Masotti کو ہراکر کوارٹر فائنل میں جگہ بنالی ہے۔ دنیا کے 49 نمبر کے کھلاڑی Chotrani نے Baptiste کو گیارہ-چھ، سات-گیارہ، آٹھ-گیارہ، گیارہ-ایک، گیارہ-نو سے ہرایا۔ اب Chotrani، PSA کانسے کی سطح کے مقابلے کے کوارٹر فائنل میں انگلینڈ کے Declan James سے مقابلہ کریں گے۔

ایک اور میچ میں Velavan Snthilkumar میکسیکو کے Leonel Cardenas سے ہار گئے۔

خواتین کے زمرے میں Anahat Singh نے دوسرے راؤنڈ میں جنوبی افریقہ کی Hayley Ward کو گیارہ۔پانچ، گیارہ ۔آٹھ، بارہ۔چودھا، گیارہ۔پانچ سے ہرا دیا۔ وہ کوارٹر فائنل میں مصر کی Sana ابراہیم سے ملاقات کریں گی۔x

## Cricket WPL

خواتین کے پریمئر لیگ کرکٹ میں آج گجرات Giants کا مقابلہ ممبئی انڈینس سے ہوگا۔ یہ میچ آج شام ساڑھے سات بجے گجرات میں Kotambi کے Vadodara انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔

اِس سے پہلے کل رات رائل چیلنجرس بینگلورو نے UP واریئرس کو آٹھ وکٹ سے شکست دی۔ اِس جیت میں کپتان اِسمرتی مندھانا اور Grace Harris کے درمیان 108 رن کی شراکت داری کا اہم رول رہا۔x

## Thailand Masters Badminton

تھائی لینڈ ماسٹرز بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں، بھارت کی ایشا رانی بروا دوسرے نمبر کی کھلاڑی جنوبی کوریا کی Sung Shuo Yun کو ہرا کر خواتین سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

پری کوارٹر فائنل میں، عالمی نمبر 48 ایشا رانی نے عمدہ کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے 34 ویں نمبر کی جنوبی کوریا کی کھلاڑی کو سخت مقابلے کے بعد اکیس-تیرہ، چودہ-اکیس اور اکیس-چودہ سے ہرا دیا۔ ×

## J&K Snowfall Alert

جموں وکشمیر میں، مغرب کی سمت سے ہونے والی موسم کی تازہ تبدیلی سے اگلے مہینے کی پہلی اور دوسری تاریخ کو، مرکز کے زیر انتظام علاقے کے موسم پر، اثر پڑنے کا امکان ہے۔ بھارت کے محکمہ موسمیات کے مطابق، مغرب کی سمت سے ہونے والی موسم کی تبدیلی کی وجہ سے، الگ الگ جگہوں پر اور بہت سے علاقوں میں، ہلکی سے اوسط درجے کی بارش اور برفباری کے امکانات ہیں۔ محکمے نے بتایا کہ جموں وکشمیر کے، اونچے علاقوں میں اوسط درجے کے برفباری کا امکان ہے۔ اندازہ ہے کہ 31 جنوری تک، موسم خشک رہے گا اور شام کے وقت آسمان پر، بادل چھائے رہیں گے۔x

Chhattisgarh Maoists

چھتیس گڑھ کے Sukma ضلع میں آج چار ماؤنوازوں نے خود سپردگی کردی۔ ان میں دو خواتین بھی شامل ہیں۔ اِن کو گرفتار کرنے کیلئے کُل آٹھ لاکھ روپے کا انعام رکھا گیا تھا۔ ماؤنوازوں نے بَستر رینج کے اِنسپکٹر جنرل آف پولیس Sundarraj P، سُکما کے سپریٹنڈنٹ آف پولیس Kiran چوہان اور سیکیورٹی فورسز کے دیگر سینئر افسروں کی موجودگی میں سُکما ضلع کے ہیڈکوارٹر میں منعقد ایک پروگرام کے دوران اپنے ہتھیاروں کے ساتھ خود سپردگی کی۔ خود سپردگی کے دوران ماؤنوازوں نے پولیس کو ایک SLR سمیت چار ہتھیار بھی حوالے کیے۔ یہ ماؤنواز ضلع کے Gollapalli، Konta اور Kistaram علاقوں میں سرگرم تھے۔x

Sabarimala Darshan Booking

کیرالہ میں، کنبھ کے مہینے کی پوجا کے سلسلے میں، سبریمالا درشن کیلئے، بکنگ شروع ہو گئی ہے۔ درشن کیلئے بکنگ صرف آن لائن کی جاسکتی ہے۔ موقع پر بکنگ، محدود تعداد میں کی جائے گی، جو Base Station پر دستیاب رہے گی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆